P.R.No.49/2025

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کے افسران کا رفاہ یونیورسٹی کا ایڈووکیسی دورہ

سرکاری اداروں میں بدانتظامی کے خاتمے کے لئے وفاقی محتسب کا ادارہ اہم کردار ادا کر رہا ہے۔احمد فاروق

وفاقی محتسب کی کارکردگی حیران کن ہے۔ڈاکٹر ثروت جمیلہ

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر سینئر ایڈوائزر احمد فاروق کی سربراہی میں، کنسلٹنٹ خالد سیال اور انوسٹی گیشن آفیسر محمد جمیل پر مشتمل ٹیم نے رفاہ یونیورسٹی اسلام آباد کا ایڈووکیسی دورہ کیا۔ایڈووکیسی دوروں کا مقصد وفاقی محتسب کے کام، طریق کار اور مینڈیٹ کے بارے میں آگاہی میں اضافہ کرنا ہے۔اس موقع پر سینئر ایڈوائزر احمد فاروق نے وفاقی محتسب کے کام، طریق کار اور اہم اقدامات کے بارے میں یونیورسٹی کے اساتذہ اور طلباء کو تفصیلی لیکچر کے دوران بتایا کہ سرکاری اداروں کی بدانتظامی ختم کرنے کے لئے وفاقی محتسب کا ادارہ اہم کردار ادا کر رہا ہے۔وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ پاکستان سرکاری اداروں میں بدانتظامی کے خلاف قائم کردہ سب سے پہلا ادارہ ہے۔عوام الناس کو مفت اور جلد انصاف کی فراہمی میں وفاقی محتسب کے کردار اور کامیابیوں کو دیکھتے ہوئے بعد ازاں ٹیکس، بینکنگ، انشورنس، صوبوں اور خواتین کی ہراسیت کے خلاف محتسب کے ادارے قائم کئے گئے۔انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب میں سال 2024ء کے دوران 226,373 شکایات آئیں جن میں سے 223198 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو کہ نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا بھر میں ایک ریکارڈ ہے، جب کہ سال رواں کے دوران اب تک دو لاکھ سے زائد شکایات موصول ہو چکی ہیں، جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اس سال کے اختتام تک شکایات کی تعداد اڑھائی لاکھ سے تجاوز کر جائے گی۔انہوں نے طلباء اور اساتذہ کو مزید بتایا کہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کی عمارت میں ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کا دفتر بھی قائم ہے۔اے او اے کا قیام 1996ء میں پاکستان کی کوششوں سے عمل میں آیا اور اس کی صدارت زیادہ تر پاکستان کے پاس ہی رہی۔اب بھی پاکستان کے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی اے او اے کے صدر ہیں۔ لیکچر کے اختتام پر یونیورسٹی کے طلباء نے وفاقی محتسب کے بارے میں سوالات کے ذریعے معلومات حاصل کیں۔یونیورسٹی کی ڈائریکٹر ڈاکٹر ثروت جمیلہ نے وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس دورے سے ہمیں سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف عوام الناس کی شکایات کے ازالے اور ملک میں گڈ گورننس کے قیام کے سلسلے میں وفاقی محتسب کی کارکردگی کو حیران کن قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں معلوم نہ تھا کہ پاکستان میں ایسے ادارے بھی موجود ہیں۔ہمیں اس دورے سے بہت کچھ جاننے اور سیکھنے کو ملا ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

یکم اکتوبر 2025ء